# نیشنل لیبر ریلیشنز ایکٹ

## کے تحت ملازم کے حقوق

نیشنل لیبر ریلیشنز ایکٹ (این۔ایل۔آر۔اے۔) ملازمین کے حق کو منظم کرنے اور ان کے آجروں کے ساتھ اجتماعی سوداکاری، اور دیگر محفوظ منظم سرگرمی میں مشغول رہنے یا کسی بھی مندرجہ بالا سرگرمی سے باز رہنے کی ضمانت دیتا ہے۔ این۔ایل۔آر۔اے۔* کے تحت آنے والے ملازمین آجر اور یونین کے برے برتاؤ کی بعض اقسام سے محفوظ رہتے ہیں۔ یہ نوٹس این۔ایل۔آر۔اے کے تحت آپ کے حقوق، اور آجروں اور یونینوں کی ذمہ داریوں کے بارے میں عام معلومات فراہم کرتا ہے۔ اگر آپ کے کام کرنے کی جگہ پر قابل اطلاق مخصوص حقوق کے بارے میں آپ کا کوئی سوال ہے، تو نیچے فراہم کی گئی رابطہ کی معلومات کو بروئے کار لاتے ہوئے، نیشنل لیبر ریلیشنز بورڈ (این۔ایل۔آر۔بی۔) سے رابطہ کریں، جو کہ این۔ایل۔آر۔اے کے تحت آنے والی شکایات کی تفتیش اور ان کا حل کرنے والی ایک وفاقی ایجنسی ہے۔

### این۔ایل۔آر۔اے۔ کے تحت آپ کو حق حاصل ہے کہ:

- آپ اپنے آجر کے ساتھ اپنی تنخواہ، کام کے اوقات، اور روزگار کے دیگر شرائط و ضوابط سے متعلق مذاکرات کے لیے ایک یونین کی تشکیل کر سکتے ہیں۔
- کوئی یونین تشکیل دے سکتے ہیں، اس میں شامل ہو سکتے ہیں یا مدد کر سکتے ہیں۔
- اپنے آجر کے ساتھ کوئی معاہدہ کرنے، اجرت، فوائد، کام کے اوقات، اور روزگار کی دیگر شرائط طے کرنے کے لیے ملازمین کے نمائندوں کے ذریعے اجتماعی طور پر معاملات طے کر سکتے ہیں۔
- اپنی تنخواہ اور فوائد اور روزگار کی دیگر شرائط و ضوابط یا یونین کی تشکیل کے بارے میں اپنے ساتھی کارکنوں یا یونین کے ساتھ گفتگو کر سکتے ہیں۔
- اپنے کام کرنے کے حالات کو بہتر بنانے کے لیے، دوسرے ذرائع کے ساتھ، ایک یا ایک سے زیادہ شریک کارکنوں کے ساتھ مل کر براہ راست اپنے آجر یا کسی گورنمنٹ ایجنسی کے پاس کام سے متعلق شکایات درج کر سکتے ہیں یا کسی یونین کی مدد لے سکتے ہیں۔
- ہڑتال یا دھرنا، اس کا انحصار ہڑتال یا دھرنا کے مقاصد اور ذرائع پر ہے۔
- ان میں سے کوئی بھی کارروائی نہ کرنے کا انتخاب ، جس میں کسی یونین میں شامل ہونا یا اس کا رکن بنے رہنا شامل ہے۔

### این۔ایل۔آر۔اے۔ کے تحت، یہ آپ کے آجر کے لیے غیر قانونی ہے کہ:

- وہ آپ کو کام نہ کرنے کے اوقات میں، جیسے کہ کام سے پہلے یا بعد میں یا وقفے کے اوقات میں یونین کے بارے میں بات کرنے یا حمایت کرنے سے روکے؛ یا کام نہ کرنے کے اوقات میں، کام نہ کرنے کی جگہوں پر، جیسے کہ پارکنگ والے حصے یا آرام گاہ میں یونین کا مواد تقسیم کرنے سے روکے۔
- یونین کی حمایت یا سرگرمیوں کے بارے میں آپ سے اس ڈھنگ سے سوال کرے جس سے کہ اس سرگرمی میں شامل ہونے میں آپ کی حوصلہ شکنی ہوتی ہو۔

### این۔ایل۔آر۔اے۔ کے تحت، کسی یونین کے لیے یا اپنے تاجر سے سودا کرنے میں آپ کی نمائندگی کرنے والی یونین کے لیے یہ غیر قانونی ہے کہ:

- وہ یونین کے لیے آپ کی حمایت حاصل کرنے کے لیے آپ کو دھمکی دے یا مجبور کرے۔
- وہ کسی شکایت پر عمل درآمد کرنے سے انکار کر دے کیونکہ آپ نے یونین کے حکام کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے یا کیونکہ آپ یونین کے رکن نہیں ہیں۔

- آپ کے کسی یونین میں شامل ہونے یا یونین کی مدد کرنے، یا آپ کے ذریعے باہمی امداد اور تحفظ کے لیے کسی منظم سرگرمی میں مشغول ہونے، یا آپ کے ذریعے ایسی کسی بھی سرگرمی میں شامل نہ ہونے کا فیصلہ کرنے کی وجہ سے آپ کو کام سے نکال دے، عہدہ کم کر دے، یا کسی دوسری جگہ منتقل کر دے، یا آپ کے کام کے اوقات میں کمی کر دے یا آپ کی شفٹ تبدیل کر دے، یا آپ کے خلاف منفی کارروائی کرے، یا ان میں سے کوئی ایک کارروائی کرنے کی دھمکی دے۔
- اگر مزدور اپنی نمائندگی کے لیے کسی یونین کا انتخاب کرتے ہیں تو آپ کے کام کرنے کی جگہ کو بند کرنے کی دھمکی دے۔
- یونین کی حمایت کی حوصلہ شکنی یا حوصلہ افزائی کے لیے ترقی دے، تنخواہ بڑھائے، یا دیگر فوائد پہنچائے یا ایسا کرنے کا وعدہ کرے۔
- مخصوص حالات کے علاوہ کام کرنے کی جگہ پر یونین کی ٹوپیاں، بٹن، ٹی۔شرٹس، اور پن پہننے سے آپ کو منع کرے۔
- پُر امن یونین سرگرمیوں اور اجتماعات کی جاسوسی کرے یا ویڈیو ٹیپ تیار کرے یا ایسا کرنے کا بہانہ کرے۔
- وہ کام کی خدمات حاصل کرنے والی کسی کمپنی کی طرف سے کی جانے والی تقرریوں میں امتیازی معیار یا طریقہ کار کا استعمال کرے یا برقرار رکھے۔
- آپ کی یونین مخالف سرگرمی کی وجہ سے کسی آجر کو آپ کے خلاف امتیازی سلوک کرنے پر مجبور کرے یا کرنے کی کوشش کرے۔
- آپ کے خلاف منفی کارروائی کرے کیونکہ آپ یونین میں شامل نہیں ہیں یا اس کی حمایت نہیں کرتے۔

**اگر آپ اور آپ کے شریک کارکن اپنے اجتماعی سودے بازی کے نمائندے کے طور پر ایک یونین کا انتخاب کرتے ہیں، تو ضروری ہے کہ ملازمت کے لیے آپ کی شرائط و ضوابط طے کرنے کے لیے آپ کے آجر اور یونین ایک تحریری اور قابل قبول معاہدے تک پہنچنے کی حقیقی کوشش کے طور پر نیک نیتی کے ساتھ معاہدہ کریں۔ یونین کو چاہیے کہ وہ سودے بازی اور معاہدے کے نفاذ میں آپ کی منصفانہ نمائندگی کرے۔**

**غیر قانونی طرز عمل کی اجازت نہیں دی جائے گی۔** اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ کے یا دوسروں کے حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہے، تو آپ کو اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے فوری طور پر این۔ایل۔آر۔بی۔ سے رابطہ کرنا چاہیے، عام طور پر غیر قانونی سرگرمی کے چھہ ماہ کے اندر۔ آپ اپنے آجر یا کسی اور کو تفتیش کے بارے مطلع کیے بغیر ممکنہ خلاف ورزیوں کے بارے میں جانچ پڑتال کرسکتے ہیں۔ الزامات کسی بھی شخص کی طرف سے دائر کیے جا سکتے ہیں اور خلاف ورزی سے براہ راست متاثر ہونے والے ملازم کی طرف سے الزامات دائر کرنا ضروری نہیں ہے۔ این۔ایل۔آر۔بی۔ قانون کی خلاف ورزی میں نکالے گئے ملازم کو دوبارا بحال کرنے اور اجرت اور فوائد کی ادائیگی کا حکم دے سکتا ہے، اور کسی آجر یا یونین کو قانون کی خلاف ورزی کی روک تھام کا حکم دے سکتا ہے۔ ملازمین کو اپنے قریبی این۔ایل۔آر۔بی۔ دفتر سے مدد حاصل کرنی چاہیے، جسے ایجنسی کی ویب سائٹ پر تلاش کیا جا سکتا ہے: **http://www.nlrb.gov** ۔

آپ این۔ایل۔آر۔بی۔ سے رابطہ کرنے کے لیے ٹول۔ فری فون نمبر کا استعمال بھی کر سکتے ہیں: **1-866-667-NLRB (6572)** یا **(TTY) 1-866-315-NLRB (1-866-315-6572)** سماعت کی کمزوری والوں کے لیے۔

If you do not speak or understand English well, you may obtain a translation of this notice from the NLRB's Web site or by calling the toll-free numbers listed above.

---

* نیشنل لیبر ریلیشنز ایکٹ میں اکثر نجی شعبے کے آجروں کا احاطہ کیا جاتا ہے۔ عوامی شعبے کے ملازمین، زرعی اور گھریلو ملازمین، آزاد ٹھیکیدار، والدین یا زوج کے ملازمین، ریلوے لیبر ایکٹ کے تحت آنے والے فضائی اور ریل کیریئر کے ملازمین، اور سپروائزرس این۔ایل۔آر۔اے۔ کے تحت کوریج سے خارج ہیں (حالانکہ وہ سپروائزر جنھیں این۔ایل۔آر۔اے کی خلاف ورزی سے انکار کرنے پر امتیازی سلوک کا سامنا ہو وہ اس کے تحت آ سکتے ہیں)۔

**یہ حکومت کا ایک باضابطہ نوٹس ہے اور کسی کے ذریعہ اس میں ترمیم نہیں کی جا سکتی۔**

**[URDU]**
**OCTOBER 2011**